دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈاکٹر حسن راجا نقوی فل برائٹ نہرو اکیڈمک اور پروفیشنل ایکسیلینس فیلوشپ دو ہزار چھبیس۔ستائیس سے سرفراز

New Delhi, May 5, 2026

ڈاکٹر حسن راجا نقوی اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ جغرافیہ، فیکلٹی آف سائنسز جامعہ ملیہ اسلامیہ سال دو ہزار چھبیس اور ستائیس کے لیے باوقار فلبرائٹ-نہرو اکیڈمک اینڈ پروفیشنل ایکسیلنس فیلوشپ سے سرفراز کیے گئے۔ یہ ممتاز فیلوشپ انہیں امریکہ میں نو ماہ کی مدت کے لیے اعلیٰ درجے کی باہمی تحقیق کے لیے ملی ہے۔قابل ذکر ہے کہ فل برائٹ نہرو فیلوشپ، ہندوستان اور امریکہ کے درمیان باہمی افہام و تفہیم، علمی تعاون اور علم کے اشتراک کو فروغ دینے کے ضمن میں سب سے باوقار تبادلہ پروگراموں میں سے ایک ہے۔

فیلوشپ کے ایک حصے کے طور پر ڈاکٹر نقوی نامور اسکالرز ڈاکٹر فرید پیراوین اور پروفیسر کرسٹوفر برک کے ساتھ الینوائے یونیورسٹی، شکاگو کے ایک اہم بین الضابطہ تحقیقی پروجیکٹ بعنوان' فرام کلائمیٹ ڈیٹا ٹو ریزیلیینس: جیو اسپیشیل آرٹی فیشیل انٹلی جینس اپروچیز ٹو فلڈ رسک اینڈ ایڈاپٹیشن پلاننگ فار پیریار، انڈیا اور اپر الینائس، امریکہ کیچمینٹس' میں تعاون کریں گے۔اس تحقیق میں سیلاب کے خطرے کا اندازہ لگانے اور دو اہم دریا کے کیچمنٹس کے لیے موافقت کی حکمت عملی تیار کرنے کے لیے جدید جیو اسپیشل مصنوعی ذہانت (جیو اے آئی)، آب و ہوا کے اعداد و شمار کے تجزیات، اور مقامی فیصلہ سازی کے نظام کو لاگو کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یہ بین الاقوامی تعاون آب و ہوا سے پیدا شدہ سیلاب کے خطرات کے متعلق سائنسی سمجھ کو فروغ دینے، لچکدار منصوبہ بندی کو بہتر بنانے اور کمزور علاقوں میں پائیدار پنڈھال مینجمنٹ کو مدد بہم پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔اس منصوبے سے توقع ہے کہ دونوں ممالک میں پالیسی سازوں، منصوبہ سازوں اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ ایجنسیوں کے لیے قابل قدر بصیرت فراہم ہوگی۔

ڈاکٹر نقوی نے سی سی ایس ایس میرٹھ سے جغرافیہ میں انڈر گریجویٹ اور ماسٹرز کی ڈگریاں حاصل کی ہیں اور دو ہزار تیرہ میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ جغرافیہ سے پی ایچ ڈی کی ہے۔ان کے پچاس سے زائد مضامین بین الاقوامی اور قومی جرائد میں شائع ہو چکے ہیں۔اس کے علاوہ، انہوں نے ہندوستان اور بیرون ملک جیسے امریکہ، فرانس، ایتھوپیا، چین اور تائیوان میں تحقیقی خدمات بھی انجام دی ہیں۔انہوں نے پرنسپل انویسٹی گیٹر کے طور پر ایک ہند-تائیوان مشترکہ تحقیقی پروجیکٹ بھی بحسن وخوبی مکمل کیا ہے، جسے آئی سی ایس ایس آر سے مالی تعاون حاصل تھا اور وہ ڈی ایس ٹی اور سی ڈبلیو پی سی کی مالی اعانت سے دیگر تحقیقی منصوبوں پر بھی سرگرمی اور تندہی سے مصروف عمل ہیں۔مزید برآں، ڈاکٹر نقوی کو دو ہزار چوبیس میں فرانس کے ایک مختصر تحقیقی سفر کے لیے سائنٹیفک ہائی لیول وزٹنگ فیلوشپ (ایس

ایس ایچ این) سے بھی نوازا گیا۔ ان کی حصولیابی، علمی فضیلت اور جغرافیہ، قدرتی آفات وخطرات، آب وہوا کی لچک، فضائی آلودگی اور جغرافیائی ٹیکنالوجی کے شعبے میں ان کی مؤثر تحقیق کے عزم کو اجاگر کرتی ہے۔ یہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کی اختراعی تحقیق اور بین الاقوامی تعلیمی مصروفیات کے لیے ایک سرکردہ یونیورسٹی کے طور پر بڑھتی ہوئی عالمی پہچان کو بھی نشان زد کرتا ہے۔

عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ڈین آف اسٹوڈنٹس ویلفیئر پروفیسر نیلوفر افضل نے ڈاکٹر نقوی کو فل برائٹ نہرو فیلوشپ سے سرفرازی پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ان باوقار شخصیات نے اس شاندار حصولیابی کے اعتراف میں انہیں ایک رسمی اسٹول سے نوازا، اور ان کے کارنامے پر انتہائی فخر کا اظہار کیا۔ یونیورسٹی کی قیادت نے بیرون ملک ان کی تعلیمی مصروفیات کے لیے مکمل انتظامی اور ادارہ جاتی تعاون کا بھی یقین دلایا اور مستقبل کی کاوشوں میں ان کی مسلسل کامیابی اور مؤثر شراکت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ